**DO NOT OPEN THE SEAL OF THE BOOKLET UNTIL YOU ARE TOLD TO DO SO**
**इस पुस्तिका की सील तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए**

POST CODE/ पोस्ट कोड :
155/12, 156/12, 191/14

A

SEAL

# OBJECTIVE TYPE TIER – II EXAMINATION
# वस्तुनिष्ठ टियर – II परीक्षा

Time Allowed : 2 Hours
निर्धारित समय : 2 घंटे

**JDD-84/PGT-URDU/TIER-II/X-15**

Maximum Marks : 200
अधिकतम अंक : 200

Read the following instructions carefully before you begin to answer the questions.
प्रश्नों के उत्तर देने से पहले नीचे लिखे अनुदेशों को ध्यान से पढ़ लें ।

## IMPORTANT INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

1. This Booklet contains 200 questions in all comprising the following Test Component :

| Sl. No. | *Test Component* | *No. of Questions* |
|---|---|---|
| 1) | Post Specific subject related questions | 200 |

2. All questions are compulsory and carry equal marks.
3. **The paper carries negative markings. For each wrong answer 0.25 mark will be deducted.**
4. In case of any discrepancy between the English and Hindi versions of any question, the English version will be treated as final/authentic.
5. OMR Answer-Sheet is enclosed in this Booklet. You must complete the details of **Roll Number, Question Booklet No., etc.,** on the Answer-Sheet and Answer-Sheet No. on the space provided above in this Question Booklet, before you actually start answering the questions, failing which your Answer-Sheet will not be evaluated and you will be awarded 'ZERO' mark.
6. You must not tear off or remove any sheet from this Booklet. The Answer-Sheet must be handed over to the Invigilator before you leave the Examination Hall.
7. Use of Calculator/Palmtop/Laptop/Other Digital Instrument/Mobile/Cell Phone/Pager is **not** allowed.
8. Candidates found guilty of misconduct/using unfair means in the Examination Hall will be liable for appropriate penal/legal action.
9. The manner in which different questions are to be answered has been explained at the back of this Booklet, which you should read carefully before actually answering the questions.
10. **No Rough Work is to be done on the Answer-Sheet.**

## उम्मीदवारों के लिए महत्त्वपूर्ण अनुदेश

1. इस पुस्तिका में कुल 200 प्रश्न है, जिनमें निम्नलिखित परीक्षण विषय शामिल है :

| *क्र.सं.* | *परीक्षण विषय* | *प्रश्नों की संख्या* |
|---|---|---|
| 1) | पोस्ट स्पेसिफिक विषय-संबंधी प्रश्न | 200 |

2. सभी प्रश्न अनिवार्य है तथा सबके बराबर अंक है ।
3. **प्रश्न पत्र में नकारात्मक अंकन होगा । हर गलत उत्तर के लिए 0.25 अंक काटा जायेगा ।**
4. यदि किसी प्रश्न के हिन्दी तथा अंग्रेजी अनुवाद में कोई अंतर है, तो अंग्रेजी अनुवाद को ही सही समझा जायेगा ।
5. इस पुस्तिका में ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रिका संलग्न है । प्रश्नों के उत्तर वास्तव में शुरू करने से पहले आप उत्तर-पत्रिका में अपना **रोल नम्बर, प्रश्न पुस्तिका संख्या, इत्यादि** तथा इस प्रश्न पुस्तिका में उपरोक्त दिए गए स्थान पर उत्तर-पत्रिका की संख्या लिखें । अन्यथा आपकी उत्तर-पत्रिका को जाँचा नहीं जायेगा और शून्य अंक दिया जायेगा ।
6. इस पुस्तिका से कोई पन्ना फाड़ना या अलग करना मना है । परीक्षा-भवन छोड़ने से पहले उत्तर-पत्रिका निरीक्षक के हवाले कर दें ।
7. कैलकुलेटर/पामटॉप/लैपटॉप/अन्य डिजिटल उपकरण/मोबाइल/सेल फोन/पेजर का उपयोग वर्जित है ।
8. परीक्षा-भवन में अनुचित व्यवहार एवं कार्य के लिए दोषी पाये गये अभ्यर्थी युक्तिसंगत दंडनीय/वैधानिक कार्यवाही के पात्र होंगे ।
9. विभिन्न प्रश्नों के उत्तर देने की विधि इस पुस्तिका के पीछे छपे हुए निर्देशों में दे दी गई है, इसे आप प्रश्नों के उत्तर देने से पहले ध्यानपूर्वक पढ़ लें ।
10. कोई रफ कार्य उत्तर-पत्रिका पर नहीं करना है ।

**Go through instructions given in Page No. 24 (Back Cover Page)**

1. "ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے، اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے" یہ قول کس نے کہا ہے؟

(A) شوکت سبزواری (B) احتشام حسین

(C) محمد حسین آزاد (D) ڈاکٹر گیان چند

2. "ریختہ" کا مطلب کیا ہے؟

(A) شائستہ (B) اعلیٰ

(C) گری پڑی (D) ترقی پذیر

3. "نیلام" کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) اطالوی (B) ترکی

(C) انگریزی (D) پرتگالی

4. ماہر لسانیات کے مطابق کتنے برس بعد ہر زبان میں واضح فرق پیدا ہوتا ہے؟

(A) 40 (B) 60

(C) 50 (D) 70

5. انشاء کی شاعری کی مرغوب صنف یا اہم عنصر کونسا ہے؟

(A) تصوف (B) رزمیہ

(C) بزمیہ (D) رومانس

6. معشوق کے ہجر یا وصل کے خیالات کو وسعت دے کر اس کے بیان سے دل کے ارمان یا غم کا بخار نکالنے کو اصناف سخن میں ________ کہتے ہیں۔

(A) مثنوی (B) قصیدہ

(C) مرثیہ (D) غزل

7. صاحب "آبِ حیات" نے کس کو "نظم اردو کی نسل کا آدم" مانا ہے؟

(A) میر تقی میرؔ (B) امیر خسرو

(C) شمس ولیؔ (D) سعد اللہ گلشن

8. اردو میں "واسوخت" کا موجد

(A) میر تقی میرؔ (B) حالیؔ

(C) غالبؔ (D) مصحفیؔ

9. فن شاعری، نجوم میں ماہر اور موسیقی کے شوق میں ستار بجانے والا شاعر

(A) انشاءؔ (B) جرأتؔ

(C) ناسخؔ (D) سوداؔ

10. تصنیف "دریائے لطافت" کس موضوع پر تحریر کی گئی ہے؟

(A) اردو شاعری (B) اردو نثر

(C) اردو قواعد (D) اردو ادب

11. "فارسی میں وہ انتہائے درجہ کی قدرت رکھتے تھے۔ اس میں جب بھی نظم یا نثر کہتے تھے تو یہی معلوم ہوتا تھا گویا بلبل شیراز سامنے بول رہا ہے"۔ یہ قول کس کے متعلق کہا گیا ہے؟

(A) جرأت (B) سید انشاءؔ

(C) غالبؔ (D) شیخ ابراہیم ذوقؔ

12. اپنے تعلق سے کس شاعر نے دعویٰ کیا ہے کہ "فارسی کے ساتھ ایک مناسبت ازلی اور سرمدی لایا ہوں"۔

(A) سید انشاءؔ (B) مرزا غالبؔ

(C) ذوقؔ (D) جرأتؔ

**A**

13. میر خلیقؔ کے ہم عصر مرثیہ گو شاعر

(A) میر انیسؔ (B) مرزا دبیرؔ

(C) میر سوزؔ (D) میر ضمیرؔ

14. "معنی زبان سیکھنی ہے تو میر خلیقؔ کے ہاں جایا کرو"۔ یہ کس شاعر کی وسعت قلبی تھی ؟

(A) آتشؔ (B) شیخ ناسخؔ

(C) میر ضمیرؔ (D) میر انیسؔ

15. "غالب : جدید شعراء کی محفل"۔ کس مزاح نگار کی مزاحیہ پیروڈی ہے ؟

(A) ابراہیم جلیس (B) کنہیا لال کپور

(C) مشتاق یوسفی (D) پطرس بخاری

16. شاعری کے ساتھ طبابت، نجوم اور شطرنج میں بھی یہ مشہور تھے۔

(A) مومنؔ (B) غالبؔ

(C) شاہ نصیرؔ (D) میر دردؔ

17. کس شاعر کو "خاقانیٔ ہند" کہا جاتا ہے ؟

(A) میر دردؔ (B) ابراہیم ذوقؔ

(C) مرزا غالبؔ (D) شاہ نصیرؔ

18. "سبحان اللہ، ہمارا کفر ہے، کسی کو حاجی، کسی کو کافر اور کسی کو مسلمان بناتا ہے"۔ یہ قول کس رہنما کا ہے ؟

(A) مولانا حالیؔ (B) سر سید احمد خان

(C) علامہ اقبالؔ (D) مولانا آزاد

19. "کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے"۔ یہ مشہور مصرعہ کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے ؟

(A) غالبؔ (B) دردؔ

(C) ذوقؔ (D) میرؔ

20. "غدر دلی کے افسانے" کس مشہور ادیب کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

(A) پریم چند (B) خواجہ حسن نظامی

(C) کرشن چندر (D) بیدی سحرؔ

21. منشی ہرگوپال تفتہؔ کے استاد کا نام

(A) مرزا غالبؔ (B) ذوقؔ

(C) مومنؔ (D) میر حسنؔ

22. مرزا غالبؔ کے خطوط کا مجموعہ

(A) دستنبو (B) اردوئے معلیٰ

(C) غبار خاطر (D) مہر نیم روز

23. غالبؔ کی یہ تصنیف 1857ء غدر کے حالات بیان کرتی ہے۔

(A) سبد چین (B) مہر نیم روز

(C) دستنبو (D) قاطع برہان

24. "جس کو دعویٰ ہے سخن کا یہ سنا دے اس کو
دیکھ اس طرح سے کہتے ہیں سخن ور سہرا"
شیخ ابراہیم ذوقؔ نے کس شاعر کے جواب میں یہ سہرا تخلیق کیا تھا؟

(A) مومنؔ (B) دردؔ
(C) سوداؔ (D) مرزا غالبؔ

25. مزاحیہ مضمون "ہوئے مر کے ہم جو رسوا" کس مزاح نگار کا ہے؟

(A) پطرس بخاری (B) مرزا فرحت
(C) مشتاق یوسفی (D) شوکت تھانوی

26. مرزا دبیر کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟

(A) میر خلیقؔ (B) میر ضمیرؔ
(C) شاہ حاتمؔ (D) حزیںؔ

27. "الفاروق" کے مصنف

(A) مولانا حالیؔ (B) سر سید احمد خاں
(C) علامہ شبلیؔ (D) حسن عسکری

28. "گنج ہائے گراں مایہ" اور "گنج خوبی" ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) سیرت نگاری (B) سوانح نگاری
(C) بایو گرافی (D) خاکہ نگاری

29. عصمت چغتائی نے افسانہ "دوزخی" میں بھیا کو کیا بتایا ہے؟

(A) دوزخی (B) جنتی
(C) اشرفی (D) جواری

30. "شنکر" منٹو کے کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) ٹھنڈا گوشت (B) کالی شلوار
(C) ٹوبہ ٹیک سنگھ (D) دھواں

31. کس ادبی گروہ کو "نیچری" کہہ کر مذاق اڑایا جاتا تھا؟

(A) حلقہ ارباب ذوقؔ
(B) ترقی پسند
(C) سر سید احمد خاں اور رفقاء
(D) اکبرؔ الہ آبادی اور ساتھی

32. ان میں سے کس نے قرآن کا ترجمہ کیا ہے؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) اکبرؔ الہ آبادی
(C) مولانا حالیؔ (D) علامہ اقبالؔ

33. اپنی آخری عمر میں کس ادیب نے اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھے تھے؟

(A) حسن نظامی (B) راشد الخیری
(C) محمد حسین آزادؔ (D) نذیر احمد

A

34. "تہذیب الاخلاق" کا تنقیدی جواب میر ناصر علی نے کس اخبار کے ذریعے دیا کرتے تھے ؟

(A) زمیندار (B) اردو اخبار

(C) اودھ پنچ (D) تیرہویں صدی

35. کس کو "مصورِ غم" کہا جاتا ہے؟

(A) راشد الخیری

(B) حسن نظامی

(C) مولانا حسرت موہانی

(D) فانی بدایونی

36. "ادب برائے زندگی" کس ادبی تحریک کا نظریہ تھا ؟

(A) جدیدیت (B) ترقی پسند

(C) تعمیر پسند (D) مابعد جدیدیت

37. "حلقہ اربابِ ذوق" کی بنیاد کس شہر میں پڑی ؟

(A) دلی (B) رامپور

(C) لکھنؤ (D) لاہور

38. روزنامہ "سیاست" سے کس ممتاز مزاح نگار کے ادبی سفر کا آغاز ہوا ؟

(A) مرزا فرحت (B) مشفق خواجہ

(C) پطرس بخاری (D) مجتبیٰ حسین

39. "اودھ پنچ" اخبار کا اجراء کب ہوا ؟

(A) 1847ء (B) 1647ء

(C) 1905ء (D) 1650ء

40. حیدر آباد کی معروف ادیبہ جیلانی بانو کا پہلا ناول

(A) نغمے کا سفر (B) جگنو اور ستارے

(C) ایوانِ غزل (D) پرایا گھر

41. ڈاکٹر گریرسن، گارساں دتاسی، ڈاکٹر گیان چند اور ڈاکٹر جگن ناتھ آزاد میں سے کون غیر متعلق ہے ؟

(A) ڈاکٹر گیان چند (B) گارساں دتاسی

(C) ڈاکٹر جگن ناتھ آزاد (D) ڈاکٹر گریرسن

42. "اردو اور ہندی" کھڑی بولی کے دو روپ ہیں۔ کس کا قول ہے ؟

(A) ڈاکٹر گریرسن

(B) محمد حسین آزاد

(C) شوکت سبزواری

(D) ڈاکٹر سنیتی چٹرجی

43. ______ نے "اپ بھرنش" کا روپ اختیار کیا تو اس کو "کھڑی بولی" کہا گیا ہے۔

(A) پنجابی (B) شورسینی

(C) برج بھاشا (D) ماگدھی

44. اردو کی تحقیق میں ڈاکٹر قادری زورؔ کس ماہر لسانیات کے ہم خیال ہیں ؟

(A) مسعود حسین خان (B) نصیر الدین ہاشمی

(C) محمود شیرانی (D) محمد حسین آزادؔ

45. "نیک کی کہانی" کس ادیب کی تصنیف ہے ؟

(A) افضل پانی پتی (B) چندر بھان برہمن

(C) ابوالفضل (D) خان آرزوؔ

46. "تاج الملوک اور بکاؤلی" کی عشقیہ داستان کس مثنوی میں قلم بند کی گئی ہے ؟

(A) سحر البیان (B) زہر عشق

(C) گلزار نسیم (D) گلزار ارم

47. تذکرہ "نکات الشعراء" کی زبان کونسی ہے ؟

(A) بھوج پوری (B) فارسی

(C) اردو (D) عربی

48. شعلہ عشق، دریائے عشق، معاملات عشق نامی مثنویاں کس شاعر کی تخلیق ہیں ؟

(A) میر حسنؔ (B) دیا شنکر نسیم

(C) مرزا سوداؔ (D) میر تقی میرؔ

49. مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کو کس نے پہلی مرتبہ شکل دی ؟

(A) میر ضمیرؔ (B) میر خلیقؔ

(C) میر انیسؔ (D) مرزا دبیرؔ

50. قیام کلکتہ کے دوران ہوئی مخالفت کا جواب مرزا غالبؔ نے کس تصنیف کے ذریعے دیا ؟

(A) دستنبو (B) قاطع برہان

(C) باد مخالف (D) تیغ تیز

51. مولانا حالیؔ نے کس صنف سخن کو کار آمد بتایا ہے ؟

(A) مرثیہ (B) داستان

(C) قصیدہ (D) مثنوی

52. ناول "لندن کی ایک رات" تخلیق کار

(A) عزیز احمد (B) سجاد ظہیر

(C) سرشارؔ (D) شررؔ

53. رجب علی بیگ سرورؔ کس شاعر کے شاگرد تھے ؟

(A) غالبؔ

(B) میرؔ

(C) سوداؔ

(D) میر سوزؔ

54. میر تقی میرؔ انہیں "آدھا شاعر" کہا ہے۔

(A) خواجہ میر دردؔ (B) میر سوزؔ

(C) مرزا محمد رفیع سوداؔ (D) انشاء اللہ خان انشاءؔ

55. یہ صاحب "شاعر بے دل" ہیں۔

(A) شیخ شرف الدین مضمونؔ

(B) مرزا رفیع سوداؔ

(C) شاہ مبارک آبروؔ

(D) خان آرزوؔ

A

56. 'رجز' اور 'آمد' کس صنف سخن کے اجزاء ہیں ؟
(A) مثنوی (B) مرثیہ
(C) قصیدہ (D) سہرا

57. جرأتؔ کس عضو سے معذور تھے ؟
(A) دانت (B) کان
(C) ناک (D) آنکھ

58. شاہ حاتمؔ کس مشہور شاعر کے استاد کہلاتے ہیں ؟
(A) سید انشاء (B) مرزا محمد رفیع سوداؔ
(C) میر تقی میرؔ (D) میر آتشؔ

59. خان آرزو اور میر تقی میرؔ کے درمیان کیا رشتہ داری تھی ؟
(A) سوتیلے چاچا بھتیجے (B) سوتیلے ماموں بھانجے
(C) سوتیلے بھائی (D) سوتیلے باپ بیٹے

60. "ہماری کسوٹی پر وہ ادب کھرا اترے گا جس میں تفکر ہو، آزادی کا جذبہ ہو، حسن کا جوہر ہو، تعمیر کی روح ہو، زندگی کی حقیقتوں کی روشنی ہو"۔ یہ کس مشہور ادیب نے کہا ہے ؟
(A) سر سید احمد خان (B) پریم چند
(C) مولانا حالیؔ (D) کلیم الدین احمدؔ

61. میرؔ کے مطابق مرزا محمد رفیع سوداؔ کتنے شاعر تھے ؟
(A) آدھے (B) پونے تین
(C) پورے (D) شاعر ہی نہیں

62. "نو طرز مرصع" کس کی تصنیف ہے ؟
(A) میر محمد عطا حسین خان تحسین
(B) غفر غینی
(C) شیر علی افسوسؔ
(D) میر امنؔ دہلوی

63. ارسطو کی "بوطیقا" کے مطابق "وحدت عمل، وحدت مکان اور وحدت زماں" کس صنف کی وحدتیں ہیں ؟
(A) ناول (B) ڈرامہ
(C) افسانہ (D) سوانح

64. مثنوی "اژدر نامہ" میں میرؔ نے کن کا تذکرہ کیا ہے ؟
(A) حشرات الارض (B) اشراف الارض
(C) اشرف المخلوقات (D) نباتات

65. تصنیف "آب حیات" کے ابواب کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے ؟
(A) سات (B) پانچ
(C) چھ (D) چار

66. مرزا سوداؔ کو کس شاعر نے مشورہ دیا کہ وہ فارسی سے اردو شاعری کا رخ کریں ؟
(A) شاہ حاتمؔ
(B) خان آرزوؔ
(C) مظہر جاناں
(D) سعد اللہ گلشن

67. سرسید نے حالیؔ کی کس تصنیف کو اپنی آخرت کے نجات کا ذریعہ بتایا ہے؟

(A) مسدس حالیؔ (B) حیات سعدی

(C) مناجات بیوہ (D) برکھارت

68. میر تقی میرؔ لکھنؤ میں کس کے دربار سے وابستہ تھے؟

(A) شجاع الدولہ (B) شاہ عالم

(C) شیر شاہ سوری (D) آصف الدولہ

69. مرزا سوداؔ غزل کے ساتھ کس صنف سخن میں بھی مشہور تھے؟

(A) ہجو (B) نعت

(C) مثنوی (D) مرثیہ

70. ملک محمد جائسی کس بادشاہ کے عہد سے وابستہ تھا؟

(A) اورنگ زیب (B) بہادر شاہ ظفر

(C) شاہ عالم (D) شیر شاہ سوری

71. سونے والوں کو جگادے شعر کے اعجاز سے
خرمن باطل جلا دے شعلہ آواز سے
یہ شعر علامہ اقبالؔ کی کس نظم کا ہے؟

(A) مرزا غالبؔ

(B) طلبہ علی گڑھ کالج کے نام

(C) سید کی لوح تربت

(D) عبد القادر کے نام

72. شعر کو پورا کرو۔ نظر میرے دل کی پڑی ______ کس پر
جدھر دیکھتا ہوں وہی روبرو ہے

(A) دردؔ (B) میرؔ

(C) شوقؔ (D) ذوقؔ

73. "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی"
جب یہ مصرعہ جرأت نے کہا تو دوسرا مصرعہ
"اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی"
جوڑ کر کس نے شعر مکمل کیا؟

(A) میرؔ (B) سوزؔ

(C) سوداؔ (D) سید انشاءؔ

74. مشاعرے میں جب مصحفیؔ نے۔
یاں لعل فسوں ساز نے باتوں میں لگایا
دے پیچ ادھر زلف اڑا لے گئی دل کو
شعر پڑھا تو کس شاعر نے دوبارہ شعر پڑھنے کو کہا
اور اسی کو مصحفیؔ سند مانتے رہے۔

(A) غالبؔ (B) سید انشاءؔ

(C) میرؔ (D) ولیؔ

75. مثنوی "شہادت الحق" کے خالق

(A) مقیمیؔ (B) ولی دکنیؔ

(C) شمس العشاق (D) ملا نصرتی

A

76. بہار ہے بہ جام و یار گذرے ہے
نسیم تیر سی سینے کے پار سے گزرے ہے
یہ کس کا شعر ہے ؟

(A) میر تقی میرؔ (B) میر دردؔ
(C) میر سوزؔ (D) مرزا سوداؔ

77. ان میں کونسی مثنوی میر حسنؔ کی تخلیق کردہ نہیں ہے ؟

(A) خواب و خیال (B) گلزارِ ارم
(C) رموز العارفین (D) سحر البیان

78. دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے
اس کو فلک نے لوٹ کے ویران کر دیا
ہم رہنے والے ہیں اسی اجڑے دیار کے
میرؔ نے یہ قطعہ کس شہر کے مشاعرے میں کہا ؟

(A) دلی (B) لکھنؤ
(C) اکبر آباد (D) شاہ جہاں آباد

79. قصیدے کے اجزائے ترکیب کی ترتیب

(A) گریز ، مدح ، دعا ، مدعا ، تشبیب
(B) تشبیب ، مدح ، گریز ، مدعا ، دعا
(C) تشبیب ، مدح ، مدعا ، گریز ، دعا
(D) تشبیب ، مدح ، مدعا ، دعا ، گریز

80. قصیدے کے میدان میں یہ نام بہت مشہور ہے۔

(A) ذوقؔ (B) مومنؔ
(C) غالبؔ (D) سوزؔ

81. عام طور پر اس کے بغیر بھی قصیدے ہوتے ہیں۔

(A) تشبیب (B) مدح
(C) دعا (D) مدعا

82. جوشؔ ملیح آبادی کا انتقال اس شہر میں ہوا۔

(A) اسلام آباد (B) اکبر آباد
(C) لکھنؤ (D) دلی

83. ملا غواصی کی تخلیق کردہ مثنوی

(A) پھول بن (B) میناستونتی
(C) قطب مشتری (D) یوسف زلیخا

84. ان شعراء میں سے کون "پدم بھوشن" ایوارڈ سے نوازا گیا ہے ؟

(A) جگرؔ (B) مجازؔ
(C) اصغرؔ گونڈوی (D) جوشؔ

85. نظم "حالاتِ حاضرہ" کے تخلیق کار

(A) جگرؔ مراد آبادی (B) اختر الایمان
(C) جوشؔ ملیح آبادی (D) مجازؔ

86. عید الفطر ، ہولی ، بلدیو جی کا میلہ جیسی نظموں کے خالق

(A) تلوک چند محرومؔ (B) فراقؔ گورکھپوری
(C) برج نارائن چکبستؔ (D) نظیرؔ اکبر آبادی

87. فیض احمد فیضؔ کا مقامِ ولادت

(A) دلی (B) سیالکوٹ

(C) لکھنؤ (D) آگرہ

88. امیر خسرو کے بعد پہلا عوامی شاعر

(A) اکبرؔ (B) میراں جی

(C) نظیرؔ (D) جوشؔ

89. کردار "ماہ رخ" کس مثنوی کا کردار ہے ؟

(A) سحر البیان (B) گلزارِ نسیم

(C) طوطی نامہ (D) مینا ستونتی

90. ملا وجہیؔ اور ابن نشاطیؔ کا استاد

(A) اشرفؔ (B) فیروزؔ

(C) باجنؔ (D) وجہیؔ

91. سلطان عبد اللہ کی بہن خدیجہ سلطان شہر بانو کے جہیز میں بطور غلام بیجاپور کس کو روانہ کیا گیا ؟

(A) ملک خوشنودؔ (B) شاہ ملکؔ

(C) محمد ابراہیم صنعتیؔ (D) حسن شوقیؔ

92. شاعر برہان الدین جانمؔ کے والد

(A) قطبؔ رازی

(B) خواجہ بندہ نوازؒ

(C) شاہ میراں جی شمس العشاق

(D) شاہ ملکؔ

93. یہ افسانہ چرخ کی جھوٹی روایت کو پیش کرتا ہے۔

(A) ردِ عمل (B) جوگیا

(C) یوکلپٹس (D) بھولا

94. سید محمد حسینی خواجہ بندہ نوازؒ کا تخلص

(A) مشتاقؔ (B) لطفیؔ

(C) شہبازؔ (D) فیروزؔ

95. نظم "نذرِ غالب" کے تخلیق کار

(A) اقبالؔ (B) حالیؔ

(C) فیضؔ (D) مجازؔ

96. فیض احمد فیضؔ کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ

(A) متاعِ لوح و قلم (B) میزان

(C) قرضِ دوستاں (D) غبارِ ایام

97. خواجہ بندہ نوازؒ کی تخلیق

(A) پرت نامہ (B) ولایت نامہ

(C) شکار نامہ (D) ابراہیم نامہ

98. جوشؔ کی نظم "جنگل کی شہزادی" میں کس سواری کا تذکرہ ہے ؟

(A) کار (B) ریل

(C) ہوائی جہاز (D) سائیکل

99. "جنون و حکمت" کس شاعر کے رباعیات کا مجموعہ ہے ؟

(A) جوشؔ (B) امجدؔ

(C) فراقؔ (D) مرزا دبیرؔ

100. جوش ملیح آبادی نے کس نظم میں سائمن کمیشن سے خطاب کیا ہے ؟

(A) خریدار تو بن

(B) دامِ فریب

(C) نوحۂ فراق

(D) ماتمِ آزادی

101. علی عادل شاہ ثانی کے دربار کا ملک الشعراء

(A) ملا غواصیؔ (B) ملا احمدؔ

(C) ملا نصرتیؔ (D) ملا وجہیؔ

102. "سب رس" میں کس کا تذکرہ ہے ؟

(A) عقل و دل (B) حسن و عشق

(C) جسم و جان (D) عقل و دماغ

103. مثنوی "قطب مشتری" کا تصنیفی سال

(A) 1609 سنہ، (1018ھ)

(B) 1635 سنہ، (1045ھ)

(C) 1639 سنہ، (1049ھ)

(D) 1687 سنہ، (1098ھ)

104. کس تنقید نگار کے ہاں مشرق و مغرب کی تنقیدی روایتوں کا امتزاج ملتا ہے ؟

(A) کلیم الدین احمد (B) احتشام حسین

(C) مولوی عبدالحق (D) آل احمد سرورؔ

105. شعری اصطلاح میں "واسوخت" سے مراد

(A) معشوق سے بیزاری کی داستان

(B) عورتوں کی زبان میں گیت

(C) پرندے کی زبان میں گیت

(D) معشوق سے وصل کی داستان

106. اردو کی پہلی تمثیلی داستان

(A) تاج الحقائق (B) سب رس

(C) گنج خوبی (D) حسن و دل

107. دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ کا قیام کب عمل میں آیا ؟

(A) 1918سنہ (B) 1905سنہ

(C) 1937سنہ (D) 1948سنہ

108. محمد قلی قطب شاہ کا تخلص

(A) طبعیؔ (B) امینؔ

(C) معانیؔ (D) عابدؔ

109. رباعی میں کس مصرعہ کا ہم قافیہ (ہم ردیف) ہونا ضروری نہیں ؟

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

110. میر امن دہلوی نے "باغ و بہار اور گنج خوبی" کی تخلیق کہاں کی ؟

(A) دلی کالج (B) فورٹ ولیم کالج

(C) مدراس کالج (D) سینٹ جارج کالج

111. ان میں کونسی تصنیف فورٹ ولیم کالج میں تخلیق نہیں ہوئی ؟

(A) باغ و بہار
(B) آرائش محفل
(C) طوطا کی کہانی
(D) لیلاوتی

112. دلی کالج کی بنیاد کب پڑی ؟

(A) 1825 سنہ
(B) 1800 سنہ
(C) 1832 سنہ
(D) 1836 سنہ

113. ماسٹر پیارے لال آشوبؔ کس کالج سے وابستہ تھے ؟

(A) دلی کالج
(B) فورٹ ولیم کالج
(C) مدراس کالج
(D) سینٹ جارج کالج

114. ان میں کون فورٹ ولیم کالج سے وابستہ نہیں تھے ؟

(A) مرزا صہبائی
(B) نہال چند لاہوری
(C) للو لال جی
(D) میر شیر علی افسوسؔ

115. انشائیہ کے موجد کون کہلاتے ہیں ؟

(A) پریم چند
(B) سر سید احمد خان
(C) ڈپٹی نذیر احمد
(D) مولانا حالیؔ

116. "آثار الصنادید" میں کس شہر کے تاریخی مقامات کا تذکرہ ہے ؟

(A) لکھنؤ
(B) بجنور
(C) دلی
(D) غازی پور

117. حالیؔ نے انہیں "بنیے کی دوکان" کہا ہے۔

(A) مولوی چراغ علی
(B) سید احمد دہلوی
(C) مولوی ذکاء اللہ
(D) ڈپٹی نذیر احمد

118. سر سید احمد خاں کے دست راست

(A) وقار الملک
(B) محسن الملک
(C) علامہ شبلیؔ
(D) نذیر احمد

119. "شعر العجم" کے مصنف

(A) مولانا سلیمان ندوی
(B) علامہ شبلیؔ
(C) مولانا حالیؔ
(D) مولوی عبد الحق

120. 1863 سنہ میں سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد کس شہر میں ڈالی گئی ؟

(A) بجنور
(B) دلی
(C) غازی پور
(D) علی گڑھ

121. انشائیہ "امید کی خوشی" میں سرسید نے امید کو کیا کہا ہے ؟

(A) خوبصورت بیٹی
(B) خوبصورت دلہن
(C) خوبصورت ماں
(D) خوبصورت بہن

122. حالیؔ نے سادگی، جوش، اصلیت کو کس صنف کی خوبی قرار دیا ہے ؟

(A) نثر
(B) شعر
(C) سیرت
(D) تنقید

123. "حیات جاوید" کس شخصیت کی سوانح پر مشتمل ہے ؟

(A) شیخ سعدیؔ
(B) مرزا غالبؔ
(C) سرسید احمد خان
(D) شبلیؔ

124. تذکرہ "گلشن بے خار" کے مصنف

(A) میر تقی میر (B) مصحفی

(C) شیفتہ (D) میر حسن

125. ان میں کونسی تصنیف صنف داستان سے تعلق نہیں رکھتی؟

(A) گل صنوبر (B) فسانۂ عجائب

(C) عقد ثریا (D) رانی کیتکی کی کہانی

126. عصمت چغتائی کے ناول کا نام

(A) لحاف (B) ننھی کی نانی

(C) چوتھی کا جوڑا (D) ایک قطرۂ خون

127. قرۃ العین حیدر ______ مشہور ادیب کی بیٹی ہیں۔

(A) سجاد ظہیر (B) سجاد حیدر یلدرم

(C) رشید احمد صدیقی (D) راشد الخیری

128. ہری شنکر اور نرملا کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) آگ کا دریا (B) میرے بھی صنم خانے

(C) سفینۂ غم (D) چاندنی بیگم

129. قرۃ العین حیدر کے افسانوں کا پہلا مجموعہ

(A) پت جھڑ کی آواز (B) ستاروں سے آگے

(C) روشنی کی رفتار (D) جگنوؤں کی دنیا

130. "میر امن دہلوی کو اردو میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے" یہ قول کس کا ہے؟

(A) احتشام حسین (B) جمیل جالبی

(C) شمس الرحمن فاروقی (D) سرسید احمد خان

131. داستان "باغ و بہار" میں کتنے درویشوں کا ذکر ہے؟

(A) 1 (B) 2

(C) 4 (D) 3

132. تنقید نگاروں نے مرزا ہادی رسوا کی کس ناول کو "آپ بیتی" کہا ہے؟

(A) امراؤ جان ادا (B) شریف زادہ

(C) ذات شریف (D) افشائے راز

133. ______ ناول لکھنؤ کی زوال آمادہ تمدنی زندگی کی تصویر پیش کرتی ہے؟

(A) چاندنی بیگم (B) اختری بیگم

(C) امراؤ جان ادا (D) سفینۂ غم

134. ڈپٹی نذیر احمد کی کس کتاب کو نذر آتش کیا گیا؟

(A) مبادی الحکمہ (B) الاجتہاد

(C) موعظہ حسنہ (D) امہات الامہ

135. پریم چند کے پریس کا نام

(A) سرسوتی پریس (B) ہنس پریس

(C) دلی پریس (D) دھنپت چھاپہ خانہ

136. انگریزوں نے پریم چند کے کس مجموعے کو ضبط کیا؟

(A) واردات (B) زاد راہ

(C) سوز وطن (D) آخری تحفہ

137. ناول "نرملا" میں کس کردار نے یہ جملے کہے۔ "میرے لیے زندگی میں کوئی خوشی نہیں۔ اس کا خواب دیکھ کر کیوں زندگی خراب کروں"۔

(A) نرملا (B) کلیانی

(C) کرشنا (D) منشی طوطا رام

138. محمد عاقل اور محمد کامل ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) بنات النعش (B) مراۃ العروس

(C) توبۃ النصوح (D) ابن الوقت

139. بازار حسن میں امراؤجان کتنے روپے میں فروخت ہوتی ہے؟

(A) سوا سو روپے (B) دو سو روپے

(C) ایک سو روپے (D) پچاس روپے

140. امراؤجان کا آبائی وطن

(A) لکھنؤ (B) کانپور

(C) فیض آباد (D) رامپور

141. "اگر اس لڑکے کو کوئی کامل استاد مل گیا اور اس نے سیدھے راستے پر ڈال دیا تو لاجواب شاعر بن جائے گا ورنہ مہمل بکنے لگے گا"۔ میر تقی میرؔ نے یہ رائے کس کے متعلق ظاہر کی تھی؟

(A) مومنؔ (B) غالبؔ

(C) سوزؔ (D) حالیؔ

142. علامہ اقبالؔ نے جب ترک شاعری کا ارادہ کیا تو کس کی رائے کو مانتے ہوئے دوبارہ شاعری کی طرف لوٹے؟

(A) مولانا شبلیؔ (B) ڈاکٹر نکلسنؔ

(C) سالیؔ (D) ڈاکٹر آرنلڈ

143. کس صنف سخن کی خاصیت ہے کہ اس میں پرشکوہ الفاظ کا استعمال ہوتا ہے؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی

(C) نظم (D) مرثیہ

144. جوشؔ ملیح آبادی کا دہلی سے جاری کیا گیا ماہنامہ

(A) زمیندار (B) کلیم

(C) نیا دور (D) اردو اخبار

145. ابراہیم عادل شاہ (ثانی) نے اپنی تصنیف "نورس" میں کس موضوع پر بحث کی ہے؟

(A) شاعری (B) موسیقی

(C) تصوف (D) عروض

146. علامہ اقبالؔ نے کس یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی؟

(A) کیمبرج (B) آکسفورڈ

(C) میونخ (D) لندن

147. اردو میں "آزاد نظم" کو کس نے رواج دیا؟

(A) یوسف ظفر (B) ن م راشد

(C) قیوم نظر (D) ضیاء جالندھری

148. سعادت حسین منٹو کے خاکوں کا مجموعہ

(A) گنجے فرشتے (B) چند ہم عصر

(C) ادبی شخصیات (D) گنج ہائے گرانمایہ

149. امیر خسرو کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 725ھ (B) 625ھ

(C) 728ھ (D) 770ھ

150. فعل کی وہ کونسی قسم ہے جس میں کام کا اثر فاعل تک ہی محدود رہتا ہے ؟ مفعول کی ضرورت نہیں پڑتی۔

(A) فعل لازم (B) فعل متعدی

(C) فعل ناقص (D) مفعول

151. مشتاق احمد یوسفی کی تصنیف

(A) تکلف بر طرف (B) زرگزشت

(C) آدمی نامہ (D) قطع کلام

152. "جاپان چلو، جاپان چلو" کس مزاح نگار کی تصنیف ہے ؟

(A) مشتاق احمد یوسفی (B) مشفق خواجہ

(C) مجتبیٰ حسین (D) ابراہیم جلیس

153. اردو کی بہترین افسانہ نگار اور نقاد "ممتاز شیریں" کا تعلق

(A) پنجاب (B) اتر پردیش

(C) کرناٹک (D) بہار

154. ان میں سے کونسا ادیب ساہتیہ اکادمی دہلی کا صدر رہ چکا ہے ؟

(A) منور رانا (B) گوپی چند نارنگ

(C) کلیم الدین احمد (D) شمس الرحمٰن فاروقی

155. "جدیدیت کے بعد" کس کی تصنیف کردہ کتاب ہے ؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) مظفر حنفی

(C) رشید حسن خان (D) شمیم حنفی

156. علامہ اقبالؔ کے کونسے مجموعہ میں اردو اور فارسی کا مشترکہ کلام ہے ؟

(A) پس چہ باید کرد (B) بالِ جبریل

(C) ارمغان حجاز (D) اسرار خودی

157. جدید نظم کا پیش رو

(A) مجازؔ لکھنوی (B) ن م راشد

(C) سردار جعفری (D) اختر الایمان

158. یہ شاعر، ادیب، صحافی اور مجاہد آزادی ہیں۔

(A) جگرؔ مراد آبادی (B) ناصرؔ کاظمی

(C) حسرتؔ موہانی (D) مولوی عبدالحق

159. "اردوئے معلیٰ" اخبار کس کا جاری کردہ ہے ؟

(A) ممتاز شیریں (B) سر تیج بہادر سپرو

(C) جوشؔ (D) حسرتؔ موہانی

160. فیض احمد فیضؔ کے کلیات کا نام

(A) دستِ صبا (B) زنداں نامہ

(C) نسخہ ہائے وفا (D) نقشِ فریادی

161. مولانا ابو الکلام آزادؔ کے زیر ادارت کس اخبار کے جاری ہونے پر مالک رام نے "دھوم مچ گئی" کہا تھا ؟

(A) الہلال (B) البلاغ

(C) لسان الصدق (D) احسن الاخبار

162. پروین شاکر کے شعری کلیات کا نام

(A) ماہِ تمام (B) خود کلامی

(C) صد برگ (D) کفِ آئینہ

163. کس نثری صنف میں مافوق الفطرت عناصر کی تحیر خیزی ہوتی ہے ؟

(A) ناول (B) داستان

(C) سیرت (D) افسانہ

164. اس صنف سخن کا ہر شعر الگ الگ قافیہ اور ردیف کا پابند ہوتا ہے ؟

(A) غزل (B) نعت

(C) مثنوی (D) مرثیہ

165. "چالیس کروڑ بھکاری" کس مزاحیہ نگار کا مضمون ہے ؟

(A) مشفق خواجہ (B) ابراہیم جلیس

(C) مجتبیٰ حسین (D) یوسفی

166. شمس الرحمٰن فاروقی کا جاری کردہ رسالہ

(A) شب خون (B) نیا دور

(C) آج کل (D) کتاب نما

167. شمس الرحمٰن فاروقی کا ناول

(A) کئی چاند تھے سرِ آسمان

(B) سوار

(C) شعر شور انگیز

(D) لفظ و معنی

168. "ادب کا مطالعہ" کے مصنف

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) آل احمد سرور

(C) کلیم الدین احمد (D) ڈاکٹر اطہر پرویز

169. سیماب اکبر آبادی ، کس مشہور شاعر کے شاگرد ہیں ؟

(A) حالیؔ (B) داغؔ دہلوی

(C) اکبر الہ آبادی (D) علامہ اقبالؔ

170. سیماب کا جاری کردہ وہ کونسا ماہ نامہ جریدہ ہے جو آج بھی اسی نام سے جاری ہے ؟

(A) پیش رفت (B) شب خون

(C) شاعر (D) نیا دور

171. مسدس کی ہیئت میں لکھی گئی نظم کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

(A) پانچ (B) چار

(C) سات (D) چھے

172. کرناٹک کے مشہور مذہبی پیشوا بسویشور کے وچناس کا منظوم ترجمہ کرنے کے بعد ممتاز شاعر حمید الماس نے مجموعہ کو کیا نام دیا ؟

(A) فرمودات (B) شہد کی بوندیں

(C) رمز و کنایات (D) وچناس

173. جب انھوں نے دلی کا سفر کیا تو ان کے کلام سے متاثر ہو کر دلی کے فارسی گو شعرا نے انہی کا طرز اختیار کرتے ہوئے اُردو کا رخ کیا۔

(A) سراج اورنگ آبادی

(B) قلی قطب شاہ

(C) ملا وجہی

(D) ولیؔ دکنی

174. دنیائے ادب میں انھیں یاسیت کے امام اور قنوطی شاعر کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے۔

(A) شکیل بدایونی (B) حیرتؔ بدایونی

(C) فانیؔ بدایونی (D) حسرتؔ موہانی

175. فراق گورکھپوری کو کس مجموعہ کے لئے گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(A) شعلۂ ساز (B) گل نغمہ

(C) روح کائنات (D) روپ

176. راز جو سینۂ فطرت میں نہاں ہوتا ہے
سب سے پہلے دلِ شاعر پہ عیاں ہوتا ہے
جگرؔ کے اس شعر میں کونسی صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(A) تضاد (B) تشبیہ

(C) تلمیح (D) تکرار

177. علامتِ مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

(A) نے (B) سے

(C) کو (D) اور

178. جملہ بندی کی ترتیب ایسی ہوتی ہے۔

(A) مفعول ، فعل ، فاعل

(B) مفعول ، فاعل ، فعل

(C) فاعل ، فعل ، مفعول

(D) فاعل ، مفعول ، فعل

179. محاورہ "بغلیں بجانا" کا مطلب

(A) بہت خوشی ظاہر کرنا

(B) کسی کا مذاق اڑانا

(C) بہت تعریف کرنا

(D) بہت غصہ ہونا

180. الفاظ کا وہ مجموعہ جو اپنے حقیقی یا لغوی معنوں میں استعمال نہ ہو کر مجازی یا مرادی معنی میں استعمال ہو تو اس کو اصطلاح میں ________ کہتے ہیں۔

(A) ضرب المثل (B) قول

(C) محاورہ (D) کہاوت

181. کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی
شعر میں کونسی صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(A) استعارہ (B) مبالغہ

(C) تضاد (D) تلمیح

182. "وہ جو شاعری کا سبب ہوا" کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) کلیم عاجزؔ (B) مظفر حنفی

(C) شادؔ عظیم آبادی (D) عامرؔ عثمانی

A*

183. علم عروض میں سہ حرفی ٹکڑے کو ______ کہتے ہیں۔

(A) سبب (B) وتد

(C) رکن (D) روی

184. "متفاعلن ، متفاعلن ، متفاعلن ، متفاعلن" کس بحر کے اوزان ہیں ؟

(A) بحر کامل (B) بحر رمل

(C) بحر ہزج (D) بحر متقارب

185. "طاؤس چمن کی مینا" نامی مجموعہ پر کس ادیب کو "سرسوتی سمان" ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) قرۃ العین حیدر

(C) نیر مسعود (D) گوپی چند نارنگ

186. "جس کو ابتداء میں مولوی سید میر حسن نے تعلیم دی، درمیان میں داغؔ نے اصلاح دی اور آخری مرحلے آرنلڈ کی مشفقانہ رہبری ملی"۔ یہی آئندہ دنوں میں دنیائے ادب کا ستارہ بن کر چمکا ، وہ کون ؟

(A) مولانا حالیؔ (B) علامہ اقبالؔ

(C) فیض احمد فیضؔ (D) جگرؔ مراد آبادی

187. شطرنج و چوسر کھیلنے کے عوض غالبؔ کو کتنے ماہ قید میں رہنا پڑا ؟

(A) ایک ماہ (B) دو ماہ

(C) تین ماہ (D) چار ماہ

188. ان میں کونسی صنف کو بیانیہ صنف بھی کہتے ہیں ؟

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) نظم

189. علامہ اقبالؔ نے اپنی فارسی نظم "پیام مشرق" میں یورپ کے ایک نہایت بلند پایہ شاعر کی نظم "سلام مغرب" کا جواب دیا ہے ، وہ کون شاعر ہے ؟

(A) گوئٹے (B) شکسپیر

(C) پی بی شلی (D) ورڈس ورتھ

190. قرۃ العین حیدر کو کس مجموعے پر گیان پیٹھ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ؟

(A) چاندنی بیگم

(B) آخری شب کے ہم سفر

(C) آگ کا دریا

(D) میرے بھی صنم خانے

191. "آفتاب محبت" ڈرامہ کے تخلیق کار

(A) آغا حشرؔ کاشمیری (B) امانتؔ لکھنوی

(C) حبیب تنویر (D) قدسیہ زیدی

192. مشہور افسانہ نگار کرشن چندر کی وفات کس شہر میں ہوئی ؟

(A) کشمیر(پونچھ) (B) دلی

(C) ممبئی (D) چنڈی گڑھ

193. خلیل بن احمد کس فن کا موجد ہے ؟

(A) فن بلاغت (B) علم بیان

(C) علم عروض (D) علم بدیع

194. علامہ اقبالؒ کی نظم "سلطان ٹیپو کی وصیت" کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) ضرب کلیم (B) ارمغانِ حجاز

(C) بالِ جبریل (D) بانگِ درا

195. ان میں سے کونسا شاعر گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ نہیں ہے؟

(A) محمد خان شہریار

(B) علی سردار جعفری

(C) قرۃ العین حیدر

(D) نیر مسعود

196. شمس الرحمٰن فاروقی کو کس عظیم کارنامے پر "سرسوتی سمان" نامی ایوارڈ سے اعزاز بخشا گیا؟

(A) شعر شور انگیز

(B) فن بلاغت

(C) شب خون

(D) کئی چاند تھے سر آسماں

197. وہ کونسی صنعت ہے جہاں شاعر شعر میں کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی ایسی علت یا وجہ بیان کرتا ہے جو دراصل وجہ یا علت نہیں ہوتی ہے؟

(A) صنعت تجنیس

(B) صنعت قلب

(C) صنعت تعلیل

(D) مراعات النظیر

198. کرشن چندر کے افسانے "شکست" کن مسائل کا احاطہ کرتی ہے؟

(A) کشمیر کی زندگی اور کسانوں کی بیداری

(B) تقسیم ہند کے بعد فسادات

(C) نچلی ذاتوں پر ظلم و ستم

(D) بد عنوانی اور رشوت

199. راجندر سنگھ بیدی کا وہ کونسا افسانہ ہے جس پر فلم بنائی گئی؟

(A) دستک (B) گرم کوٹ

(C) کوکھ جلی (D) گرہن

200. علامہ اقبالؒ کی نظم "ابلیس کی مجلس شوریٰ" میں یہ اشعار کس کی زبانی ادا ہوئے ہیں؟

ہے یہی بہتر الٰہیات میں الجھا رہے
یہ کتاب اللہ کی تاویلات میں الجھا رہے
مست رکھو ذکر و فکر صبح گاہی میں اسے
پختہ تر کر دو مزاج خانقاہی میں اسے

(A) پہلا مشیر (B) تیسرا مشیر

(C) ابلیس (D) چوتھا مشیر

SEAL

## IMPORTANT INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

## उम्मीदवारों के लिए महत्त्वपूर्ण अनुदेश

11. This booklet contains **24** pages.
12. Please check all the pages of the Booklet carefully. In case of any defect, please ask the Invigilator for replacement of the Booklet.
13. **Directions** : Each question or incomplete statement is followed by four alternative suggested answers or completions. In each case, you are required to select the one that correctly answers the question or completes the statement and blacken (●) appropriate circle A, B, C or D by Blue/Black Ball-Point Pen against the question concerned in the Answer-Sheet. **(For V.H. candidates corresponding circle will be blackened by the scribe)**
14. Mark your answer by shading the appropriate circle against each question. The circle should be shaded completely without leaving any space. The correct method of shading is given below.

| Wrong Method | Wrong Method | Wrong Method | Correct Method |
|---|---|---|---|
| ○ ⊛ ○ ○ | ○ ✓ ○ ○ | ○ ◉ ○ ○ | ○ ● ○ ○ |

The Candidate must mark his/her response after careful consideration.

15. There is only one correct answer to each question. You should blacken (●) the circle of the appropriate column, viz., A, B, C or D. If you blacken (●) more than one circle against any one question, the answer will be treated as wrong. If you wish to cancel any answer, you should completely erase that black mark in the circle in the Answer-Sheet and then blacken the circle of revised response.
16. A machine will read the coded information in the OMR Answer-Sheet. In case the information is incomplete/different from the information given in the application form, the candidature of such candidate will be treated as cancelled.
17. Use the space for rough work given in the Question Booklet only and not on the Answer-Sheet.
18. **You are NOT required to mark your answers in this Booklet. All answers must be indicated in the Answer-Sheet only.**

11. इस पुस्तिका में **24** पेज है ।
12. इस पुस्तिका के सभी पृष्ठों का ध्यानपूर्वक निरीक्षण करें । यदि कोई दोष है, तो निरीक्षक को उसे बदलने के लिए कहें ।
13. **निर्देश** : प्रत्येक प्रश्न अथवा प्रत्येक अधूरे कथन के बाद चार उत्तर अथवा पूरक कथन सुझाये गये हैं । प्रत्येक दशा में आपको किसी एक को चुनना है जो प्रश्न का सही उत्तर दें अथवा कथन को पूरा करें और आपको उत्तर-पत्रिका में उपयुक्त गोलाकार खाने A, B, C या D को नीला या काला बॉल-पॉइन्ट पेन से काला (●) करना है । **(दृष्टिबाधित उम्मीदवारों के लिए संगत गोलाकार लिपिक द्वारा काला किया जाए)**
14. प्रत्येक प्रश्न के सामने उचित वृत्त का चिन्हांकन करके अपना उत्तर लिखें । वृत्त को बिना कोई स्थान छोड़े चिन्हांकित करें। चिन्हांकित करने का सही तरीका नीचे दिया गया है ।

| गलत तरीका | गलत तरीका | गलत तरीका | सही तरीका |
|---|---|---|---|
| ○ ⊛ ○ ○ | ○ ✓ ○ ○ | ○ ◉ ○ ○ | ○ ● ○ |

अभ्यर्थी को अपना उत्तर ध्यानपूर्वक सोच विचार के उपरान्त चिन्हित करना चाहिए ।

15. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही सही उत्तर है । आपको समुचित कॉलम अर्थात् A, B, C या D के गोलाकार खाने को काला (●) करना है । यदि आप किसी प्रश्न के सामने एक से अधिक गोलाकार खाने को भरेंगे (●) तो आपका उत्तर गलत माना जायेगा । यदि आप किसी उत्तर को रद्द करना चाहते हैं तो आप उत्तर-पुस्तिका के उस गोलाकार खाने से काले निशान को पूरी तरह से मिटा दें और तब बदले उत्तर के लिए गोलाकार खाने को काला कर दें ।
16. ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रिका में भरी गई कूट सूचना को एक मशीन पढ़ेगी । यदि सूचना अपूर्ण है अथवा आवेदन पत्र में दी गई सूचना से भिन्न है, तो ऐसे अभ्यर्थी की अभ्यर्थिता निरस्त समझी जायेगी ।
17. कच्चे कार्य के लिए केवल प्रश्न पत्र में दिए गये स्थान का प्रयोग करें । उत्तर-पुस्तिका पर कच्चा कार्य न करें
18. **इस पुस्तिका के अन्दर आपको उत्तर अंकित नहीं करने हैं । उत्तर केवल उत्तर-पत्रिका में ही दें ।**

**Go through instructions given in Page No. 3 (Facing Page)**

DO NOT OPEN THE SEAL OF THIS BOOKLET UNTIL YOU ARE TOLD TO DO SO

POST CODE / पोस्ट कोड :
155/12, 156/12, 191/14

# QUESTION-CUM ANSWER BOOKLET

## प्रश्न–उत्तर पुस्तिका

## JDD-84/PGT-URDU/TIER-II/X-15

## DESCRIPTIVE TIER – II/ वर्णनात्मक टियर – II
## MAIN EXAMINATION/ मुख्य परीक्षा

Time Allowed : 1 Hour
निर्धारित समय : 1 घण्टा

Maximum Marks : 50
अधिकतम अंक : 50

### IMPORTANT INSTRUCTIONS TO CANDIDATES
### उम्मीदवारों के लिए महत्त्वपूर्ण अनुदेश

1. Before making any entry on Question Paper and QAB candidate should count and check the no. of pages and if any discrepancy is seen then Invigilator should be informed immediately for another copy of Question Paper/QAB.

   प्रश्न-पत्र तथा QAB में किसी भी प्रकार की प्रविष्टि करने के पूर्व अभ्यर्थियों को कुल पृष्ठ संख्या की जाँच अवश्य कर लेनी चाहिए तथा किसी भी प्रकार की विसंगति होने पर वीक्षक को सूचित कर प्रश्न-पत्र QAB की दूसरी प्रति प्राप्त करना चाहिए ।

2. Answer of every question is expected at specified space. The answer will not be checked if there is change in place of question or answer.

   प्रत्येक प्रश्न का निर्धारित जगह पर उत्तर अपेक्षित है । प्रश्न या उत्तर के स्थान परिवर्तन होने पर उत्तर की जाँच नहीं की जाएगी ।

3. It is mandatory to strictly follow the instructions by the candidates.

   दिए गए निर्देशों का कड़ाई से पालन करना प्रत्येक अभ्यर्थी के लिए अनिवार्य है ।

इस पुस्तिका की सील तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए

SEAL

## I) مضمون (Essay)

1. ذیل میں دیے گئے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 30 نشانات

a) گلوبل وارمنگ اور اس کے اسباب۔

یا

b) آپ کی والدہ نے آپ کی زندگی کو کس طرح متاثر کیا ہے؟

یا

c) کرپشن کی لعنت

(ii) خط نویسی / افکار کی توسیع (Letter Writing / Expansion of Ideas)

ذیل میں کسی ایک کا جواب لکھیے: 20 نشانات

a) "بھکاری انتخاب کرنے والے نہیں ہو سکتے"۔ توسیع کریں۔

یا

b) آپ کے اسکول میں منعقد کیے جانے والے برجستہ تقریر کے مقابلہ میں ایک جج بننے کے لئے ایک معتبر مصنف کو ایک خط لکھیں۔

یا

c) جہالت ایک نعمت ہے۔ توسیع کریں۔

SEAL

SEAL

## INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

1. Time Allowed :
   Descriptive Type Examination : 1 Hour
   Total : 1 Hour
2. Please check all the pages of the Question-Cum Answer Booklet with OMR facing sheet. In case of any defect, please ask the Invigilator for replacement of the Booklet. In case of any discrepancy between the English and Hindi versions of any Question, the English version will be treated as final/authentic.
3. You must not tear off or remove any sheet from this Booklet. This Booklet must be handed over to the Invigilator before you leave the Examination Hall.
4. This Booklet consists of Descriptive Examination – 2 questions of 50 marks. Limit your answer to the space provided in this Booklet. No additional sheet will be provided.
5. Answer the Questions as carefully as you can. Some Questions may be difficult and others easy. Do not spend much time on any Question.
6. Use of Calculator/Palmtop/Laptop/Other Digital Instrument/Mobile/Cell Phone/ Pager is **NOT** allowed.
7. Candidates found guilty of misconduct/ using unfair means in the Examination Hall will be liable for appropriate penal/ legal action.
8. You should not write your roll number, name or address in the space provided for writing answer. In case of letter writing name and address should be written as "abc", 'xyz" etc.

## अभ्यर्थियों के लिए अनुदेश

1. निर्धारित समय :
   वर्णनात्मक परीक्षा : 1 घण्टा
   कुल : 1 घण्टा
2. इस प्रश्न-उत्तर पुस्तिका और ओ.एम.आर. मुँहा पत्रिका के सभी पृष्ठों का ध्यानपूर्वक निरीक्षण करें। यदि कोई दोष है तो, निरीक्षक को उसे बदलने के लिए कहें। यदि किसी प्रश्न के हिन्दी तथा अंग्रेजी अनुवाद में कोई अंतर है तो, अंग्रेजी अनुवाद को ही सही समझा जाएगा।
3. इस पुस्तिका से कोई पन्ना फाड़ना या अलग करना मना है। परीक्षा-भवन छोड़ने से पहले यह पुस्तिका निरीक्षक के हवाले कर दें।
4. इस पुस्तिका में 50 अंकों का वर्णनात्मक परीक्षा – 2 प्रश्न सम्मिलित किए गए हैं। अपने उत्तर को इस पुस्तिका में दिए गए निर्दिष्ट स्थान तक ही सीमित रखें। कोई अतिरिक्त पृष्ठ नहीं दिया जाएगा।
5. प्रश्नों के उत्तर यथेष्ट रूप से ध्यानपूर्वक दें। कुछ प्रश्न आसान तथा कुछ कठिन हो सकते हैं। किसी एक प्रश्न पर बहुत समय न लगाएँ।
6. कैलकुलेटर/पामटॉप/लैपटॉप/अन्य डिजिटल उपकरण/मोबाइल/सेल फोन/पेजर का उपयोग **वर्जित** है।
7. परीक्षा-भवन में अनुचित व्यवहार एवं कार्य के लिए दोषी पाये गये अभ्यर्थी युक्तिसंगत दण्डनीय/वैधानिक कारवाई के पात्र होंगे।
8. आपको उत्तर लिखने के लिए दिए गए स्थान पर नाम या पता तथा अपना रोल नम्बर नहीं लिखना चाहिए । पत्र लेखन में दिए गए नाम व पता लिखने के स्थान पर "abc", 'xyz" लिखें।